
# مطالعہ حدیث کورس

## نماز

www.KitaboSunnat.com



6

دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

# محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز





## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

# مطالعہ حدیث - (خط و کتابت کورس)

## یونٹ (6) نماز

شعبہ اسلامی خط و کتابت کورسز

دعوۃ اکیڈمی' بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی

پوسٹ بکس نمبر 1485 اسلام آباد

فون: 9261751-54

فیکس: 261648, 250821

ای میل: dawah@isb.compol.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


| | | |
|---|---|---|
| نام کورس | ............ | مطالعہ حدیث |
| یونٹ نمبر | ............ | 6 |
| مؤلف | ............ | مولانا حبیب الرحمان |
| ناشر | ............ | دعوۃ اکیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد، پاکستان |
| مطبع | ............ | ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد |
| سن اشاعت | ............ | 2000ء - 1421ھ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | مضامین |
|---|---|
| | پیش لفظ |
| ۷ | تعارف |
| ۸ | آیات بسلسلہ نماز |
| ۹ | حدیث نبوی |
| ۹ | محشر میں سب سے پہلا سوال |
| ۹ | نماز گناہوں کو مٹاتی ہے |
| ۱۰ | نماز کے اوقات |
| ۱۲ | وہ اوقات جن میں نماز پڑھنا ممنوع ہے |
| ۱۳ | کوئی بھول جائے یا نماز کے وقت سویا رہ جائے |
| ۱۴ | مسجد سے شغف ایمان کی دلیل ہے |
| ۱۴ | مسجد کے آداب |
| ۱۴ | مساجد کی سجاوٹ کا غیر معمولی اہتمام اور عبادات میں غفلت |
| ۱۵ | مسجد میں خرید و فروخت اور گم شدہ چیز کا اعلان کرنا |
| ۱۶ | اذان اور وعدہ مغفرت و جنت |
| ۱۶ | قیامت کے روز سایہ خداوندی سے بہرہ مند ہونے والے |
| ۱۸ | فجر اور عصر کی نمازوں میں فرشتوں کا تبادلہ |
| ۱۸ | نماز اور احساس ذمہ داری |
| ۱۹ | ریاکاری کے لیے نماز |
| ۲۰ | نماز کی چوری |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


| | |
|---|---|
| جماعت کی اہمیت | ۲۰ |
| نماز باجماعت کے تارک کے لیے وعید | ۲۱ |
| نماز باجماعت کی فضیلت اور برکت | ۲۲ |
| کن حالات میں مسجد اور جماعت کی پابندی ضروری نہیں ہے | ۲۲ |
| صف بندی کی اہمیت اور تاکید | ۲۳ |
| صف بندی کا وحدت امت سے تعلق | ۲۳ |
| پہلے اگلی صفیں مکمل کی جائیں | ۲۴ |
| صف کے پیچھے اکیلے کھڑے ہونے کی ممانعت | ۲۴ |
| امامت کا زیادہ حقدار | ۲۵ |
| امام و مؤذن کی ذمہ داری | ۲۶ |
| مقتدیوں کو ہدایت | ۲۶ |
| امام کے ساتھ رکوع کر لیا تو رکعت ادا ہو جائے گی | ۲۷ |
| نماز کے مخصوص اذکار | ۲۷ |
| رکوع و سجود | ۲۸ |
| نماز کی اہمیت اور اس کے عملی زندگی پر اثرات | ۳۰ |
| (ا) اللہ کی عظمت و کبریائی کا اعلان | |
| (ب) احساس بندگی | |
| (ج) تقویٰ اور خوف خدا | |
| (د) یک جہتی اور عملی اتحاد | |
| (ر) تعمیر سیرت | |
| فہرست مراجع | ۳۲ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پیش لفظ

انیسویں اور بیسویں صدی میں غیر مسلم اور مسلم مستشرقین کے ذہن جن بنیادی مسائل کے حل میں مصروف رہے ان میں حدیث کی تاریخی اور تشریعی حیثیت بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ ان کی یہ دلچسپی ایک لحاظ سے ان کے پیش رو مستشرقین کی سرگرمیوں میں اضافہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ اب تحقیق کا موضوع سابقہ محققین کی طرح شخصیت اور ذات رسول صلی اللہ علیہ وسلم یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عائلی زندگی' غزوات اور سیاسی اصلاحات کے بارے میں سوالات اٹھانا اور شکوک و شبہات کو پیدا کرنا نہ رہا بلکہ اب خود حدیث' اس کی جمع و تدوین' اس کی ثقاہت اور تاریخی و تشریعی حیثیت کو بنیادی موضوع بنایا گیا چنانچہ Guillau me, Goldzeha اور sehacht نے دین اسلام کے دو بنیادی ماخذ میں سے ایک کو موضوع تحقیق بناتے ہوئے مغربی ذرائع علم اور اپنے زیر تربیت مسلم محققین کو بڑی حد تک یہ بات باور کرا دی کہ حدیث کی حیثیت ایک غیر معتبر تاریخی بلکہ قیاسی بیان کی سی ہے' اس میں مختلف محرکات کے سبب تعریفی و توصیفی بیانات کو شامل کر لیا گیا ہے اور بہت سی گردش کرنے والی افواہوں کو جگہ دے دی گئی ہے۔ ان انتہا پسندانہ تصورات کے ساتھ ساتھ یہ اہتمام بھی کیا گیا ہے کہ بعض اصطلاحات حدیث (مثلاً صحیح' حسن' ضعیف) کا اس طرح ترجمہ کر کے پیش کیا گیا جس سے تاثر بنے کہ احادیث کے مجموعوں میں گویا ہر قسم کی سنی سنائی کہانیاں اور قصے شامل ہیں۔

ان تمام غلط فہمیوں اور بعض اوقات شعوری طور پر گمراہ کرنے کی ان کوششوں سے یہ نتیجہ نکالنا مقصود تھا کہ دینی علوم سے غیر متعارف ذہن اس نہج پر سوچنا شروع کر دیں کہ ایک مسلمان کے لیے زیادہ محفوظ یہی ہے کہ وہ قرآن کریم پر اکتفا کر لے اور حدیث کے معاملہ میں پڑ کر بلاوجہ اپنے آپ کو پریشان نہ کرے۔ اسی گمراہ کن طرز عمل کے نتیجہ میں بعض حضرات اپنے آپ کو اہل قرآن کہنے لگے۔

ہمارے خیال میں یہ دین اسلام کی بنیادوں کو نقصان پہنچانے کی ایک سوچی سمجھی حکمت عملی تھی۔ اس غلط فکر کی اصلاح الحمد للہ امت مسلمہ کے اہل علم نے بروقت کی اور اعلیٰ تحقیقی و علمی سطح پر ان شکوک و شبہات کا مدلل' تاریخی اور عقلی جواب فراہم کیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دعوۃ اکیڈمی کی جانب سے مطالعہ حدیث کورس ایک ایسی طالب علمانہ کوشش ہے جس میں مستند اور تحقیقی مواد کو سادہ اور مختصر انداز سے ۲۴ دروس (Units) میں مرتب کیا گیا ہے اس میں جن موضوعات سے بحث کی گئی ہے ان میں :

| | |
|---|---|
| مفہوم و معنی | مصطلحات |
| تاریخِ تدوین | عقائد |
| ارکان اسلام | اخلاقی تعلیمات |

وغیرہ شامل ہیں۔

ہماری کوشش ہے کہ ان دروس کے ذریعے سے زیادہ سے زیادہ افراد تک پہنچ سکیں اور مستند اسلامی مآخذ کی مدد سے ان شکوک و شبہات کا ازالہ کریں جو بعض مستشرقین نے پھیلائے ہیں اور علوم حدیث' یا حدیث کے بارے میں مثبت اور مصدقہ معلومات ان طالبان علم تک پہنچائیں جو باقاعدہ دینی مدارس و جامعات میں حدیث کے موضوع پر تعلیم و تحقیق کے لیے وقت نہیں نکال سکتے۔

ان دروس کو معروف و مستند عالم دین مولانا حبیب الرحمٰن ریسرچ فیلو' شریعہ اکیڈمی اسلام آباد نے تحریر کیا ہے۔ تمام دروس پر دعوۃ اکیڈمی کے محققین مولانا رضا احمد صاحب اور مولانا محمد احمد زبیری صاحب نے دیدہ ریزی کے ساتھ نظر ثانی کی ہے اور ان کی اردو ادارت کے فرائض دعوۃ کے ایڈیٹر جناب محمد شاہد رفیع نے انجام دیئے ہیں۔ ان دروس کی تیاری میں شعبہ تحقیق کے سربراہ ڈاکٹر محمد جنید ندوی صاحب کی شبانہ روز محنت یقیناً لائق تحسین ہے۔ ہمیں امید ہے کہ دعوت دین کی یہ کوشش بارگاہ الٰہی میں مقبول ہوگی اور دین کی تعلیم کے فہم میں آسانی پیدا کرے گی۔

ان دروس میں جن موضوعات سے بحث کی گئی ہے ان پر متعلقہ حوالے بھی درج کر دیئے گئے ہیں تاکہ طالبان علم براہ راست ان مصادر کا مطالعہ بھی کر سکیں۔ ہر یونٹ کے ساتھ سوالات بھی درج ہیں جن کے جوابات کو جانچنے کے بعد دعوۃ اکیڈمی کورس مکمل کرنے والوں کو سرٹیفیکیٹ جاری کرے گی۔ اس سلسلہ میں آپ کے مشورے اور تنقید و تبصروں سے ہمیں ان اسباق کو مزید بہتر بنانے میں غیر معمولی امداد ملے گی اس لیے بلا تکلف اپنی رائے' تنقید و مشورے سے ہمیں مطلع کریں۔

پروفیسر ڈاکٹر انیس احمد
ڈائریکٹر جنرل
دعوۃ اکیڈمی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# تعارف

یہ مطالعہ حدیث کورس کا چھٹا یونٹ ہے۔ اس یونٹ میں نماز کی اہمیت و فضیلت' نماز کے اوقات' مساجد اور ان کی عظمت واہمیت' نماز باجماعت کی اہمیت اور اس کا شرعی حکم' امامت' نماز کے فوائد اور عملی زندگی پر اس کے اثرات اور نماز کی حقیقی روح کی وضاحت احادیث کی روشنی میں کی گئی ہے۔

اس یونٹ کے مطالعہ سے آپ دین اسلام میں نماز کے مرتبہ و مقام سے آگاہ ہو سکیں گے اور آپ پر یہ حقیقت بھی واضح ہو گی کہ ایک مسلمان کی زندگی میں نماز کو کیا اہمیت حاصل ہونی چاہیے؟ یونٹ کے مطالعہ سے آپ کو یہ بھی معلوم ہو گا کہ نماز سے ایک مسلمان کے ظاہر اور باطن پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اور یہ حقیقت بھی آپ کے علم میں آئے گی کہ نماز اپنے اثرات کے اعتبار سے دراصل مسلمانوں کے انفرادی واجتماعی اخلاق و کردار کی اصلاح و تربیت کا وہ مؤثر یومیہ پروگرام ہے جو ان کے خالق و مالک نے ان کے لیے تجویز کیا ہے۔ اس پروگرام میں اگر پورے اخلاص اور توجہ کے ساتھ شرکت کی جائے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ نماز کے وہ اثرات ہماری زندگی میں نظر نہ آئیں جو اس نماز کا اصل مقصود ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں صحیح روح اور صحیح جذبہ کے ساتھ نماز قائم کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

# آیات قرآنی

اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ط اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا٥ وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ق عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا٥(بنی اسرائیل ۱۷: ۷۸، ۷۹)

نماز قائم کرو زوال آفتاب سے لیکر رات کے اندھیرے تک اور فجر کے قرآن کا بھی التزام کرو کیونکہ قرآن فجر مشہود ہوتا ہے (فرشتے اس کے گواہ بنتے ہیں) اور رات کو تہجد پڑھو، یہ تمہارے لیے نفل ہے، بعید نہیں کہ تمہارا رب تمہیں مقام محمود (دنیا و آخرت میں قابل تعریف مقام) پر فائز کر دے۔

اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ط اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ط وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ط وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ٥ (العنکبوت: ۲۹: ۴۵)

(اے نبیؐ) تلاوت کرو اس کتاب کی جو تمہاری طرف وحی کے ذریعہ بھیجی گئی ہے اور نماز قائم کرو یقیناً نماز فحش اور برے کاموں سے روکتی ہے اور اللہ کا ذکر اس سے بھی بڑی چیز ہے، اللہ جانتا ہے جو کچھ تم لوگ کرتے ہو۔

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ٥ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلٰوتِهِمْ خٰشِعُوْنَ٥ (المؤمنون ۲۳: ۱ - ۲)

یقیناً فلاح پائی ہے ایمان لانے والوں نے جو اپنی نماز میں خشوع اختیار کرتے ہیں۔

وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ط وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ٥ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ٥ (البقرۃ ۲: ۴۵، ۴۶)

اور صبر اور نماز سے مدد لو، بے شک نماز ایک مشکل کام ہے مگر ان فرماں بردار بندوں کے لیے مشکل نہیں ہے جو سمجھتے ہیں کہ آخر کار انہیں اپنے رب سے ملنا اور اسی کی طرف پلٹ کر جانا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# احادیث نبوی

## محشر میں سب سے پہلا سوال:

ا۔ عن عبداللہ ابن قرط رضی اللہ عنہ قال: قال رسول اللہ ﷺ اول مایحاسب بہ العبد یوم القیامۃ الصلٰوۃ فان صلحت صلح سائر عملہ وان فسدت فسد سائر عملہ۔

(ترغیب بحوالہ طبرانی: زادراہ ص ۴۰)

عبداللہ ابن قرط رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن سب سے پہلے نماز کا حساب لیا جائے گا' اگر بندہ اس میں پورا اترا تو بقیہ اعمال میں بھی کامیاب ہوگا اور اگر نماز میں پورا نہ اترا تو بقیہ سارے اعمال بھی خراب ہو جائیں گے۔

مفہوم:

ا۔ نماز توحید کی محسوس عملی شکل ہے اور دین کی بنیاد ہے' اگر بنیاد مضبوط ہو تو عمارت مستحکم ہوگی اور بنیاد کمزور ہو تو پوری عمارت کمزور ہوگی۔

۲۔ اسلام محض ایک اعتقادی چیز نہیں ہے بلکہ عملی چیز ہے' مسلمان کو ہر لمحہ اسلام پر عمل کرنے کے لیے فسق و فجور سے لڑنے کی ضرورت ہے' اس لیے دن میں پانچ مرتبہ نماز فرض کی ہے تاکہ ایمان کا دعویٰ کرنے والا فی الواقع عملی زندگی میں اللہ تعالیٰ کے احکام بجالانے کے لیے تیار رہے۔

## نماز گناہوں کو مٹاتی ہے:

۲۔ عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ :أرأیتم لو أن نھرا بباب أحدکم یغتسل فیہ کل یوم خمسا ھل یبقی من درنہ شیء؟ قالوا لا یبقٰی من درنہ شیء' قال فذالک مثل الصلٰوات الخمس یمحوا اللہ بھن الخطایا۔ (بخاری:باب المواقیت)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر تم میں سے کسی کے دروازے پر نہر ہو' جس میں وہ روز آنہ پانچ مرتبہ غسل کرتا ہو تو بتاؤ اس کے جسم پر کچھ میل کچیل باقی رہ سکتا ہے؟ صحابہ نے عرض کیا کہ: نہیں اس کے جسم پر ذرا بھی میل کچیل باقی نہیں رہے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہی حال پانچ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نمازوں کا ہے' اللہ تعالیٰ ان نمازوں کے ذریعہ سے گناہوں کو مٹاتا ہے۔

۳۔ عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ قال: قال رسول اللہ ﷺ: خمس صلوات افترضهن اللہ تعالیٰ من أحسن وضوءهن و صلاهن لوقتهن واتم ركوعهن وخشوعهن كان له على الله عهد ان يغفر له ومن لم يفعل فليس له على الله عهدان شاء غفر له وان شاء عذبه۔

(سنن ابو داوٗد: کتاب الصلوۃ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ: رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے پانچ نمازیں فرض کی ہیں جو شخص ان نمازوں کے لیے اچھی طرح وضو کرے' وقت کے مطابق انھیں ادا کرے' کامل طریقہ سے رکوع کرے' خشوع و خضوع سے پڑھے' تو ایسے شخص کے لیے اللہ کا وعدہ ہے کہ اسے بخش دے گا' اور جو نماز نہ پڑھے تو اس کے لیے اللہ تعالیٰ کا کوئی وعدہ نہیں' چاہے گا تو اسے بخش دے گا اور چاہے گا تو سزا دے گا۔

مفہوم:

۱۔ بخشش کا وعدہ اس نمازی کے لیے ہے جو نماز کی حقیقی روح کو جانتا ہے اور شعوری طور پر اپنی زندگی میں وہ تبدیلی اور اصلاح کرتا ہے جو نماز کا تقاضا ہے۔

۲۔ شعوری طور پر نماز پڑھنے سے وہ صفات خود بخود پیدا ہونے لگتی ہیں جو انسان کی ساری زندگی کو خدا کی بندگی و عبادت بنا دینے کے لیے ضروری ہیں۔

## نماز کے اوقات:

اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتْ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ کِتٰبًا مَّوْقُوْتًا (النساء ۴: ۱۰۲)

نماز در حقیقت ایسا فرض ہے جو پابندیِ وقت کے ساتھ اہل ایمان پر لازم کیا گیا ہے۔

وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ طَرَفَیِ النَّھَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّیْلِ ط اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْھِبْنَ السَّیِّاٰتِ ط ذٰلِکَ ذِکْرٰی لِلذّٰکِرِیْنَ ۔ (ہود ۱۱: ۱۱۴)

اور دیکھو' نماز قائم کرو دن کے دونوں سروں پر اور کچھ رات گزرنے پر' در حقیقت نیکیاں برائیوں کو دور کر دیتی ہیں۔ یہ ایک یاد دہانی ہے ان لوگوں کے لیے جو خدا کو یاد رکھنے والے ہیں۔

۵۔ عن جابر بن عبداللہ أن النبی ﷺ جاءہ جبریل علیہ السلام فقال لہ قم فصلہ' فصلی الظھر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حین زالت الشمس ثم جاء ہ العصر فقال قم فصله' فصلی العصر حین صار ظل کل شئ مثله' ثم جاء ہ العشاء فقال قم فصله فصلی العشاء حین غاب الشفق' ثم جاء ہ الفجر حین برق الفجراو قال سطع الفجر ثم جاء ہ من الغد للظهر فقال: قم فصله' فصلی الظهر حین صار ظل کل شئ مثلیه ثم جاء ہ المغرب وقتا واحداً لم یزل عنه ثم جاء ہ العشاء حین ذهب نصف الیل اوقال: ثلث الیل فصلی العشاء ثم جاء ہ حین أسفر جدا فقال قم فصله فصلی الفجر ثم قال: مابین هذین الوقتین وقت.

(جامع ترمذی : باب الموقیت)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ: نبی اکرم ﷺ کے پاس جبریل علیہ السلام تشریف لائے اور نبی ﷺ سے کہا اٹھیے اور نماز پڑھیے' جب سورج ڈھل گیا توآپؐ نے ظہر کی نماز ادا کی' پھر جب عصر کا وقت ہوا تو جبریل علیہ السلام نے فرمایا اٹھیے اور نماز پڑھیے پھر آپ ﷺ نے اس وقت عصر کی نماز ادا کی' جب مغرب کا وقت ہوا تو فرمایا اٹھیے اور نماز پڑھئے آپ ﷺ نے مغرب کی نماز اس وقت ادا کی جب سورج غروب ہو گیا' جب عشاء کا وقت ہوا تو جبریل علیہ السلام نے فرمایا اٹھیے اور نماز پڑھئے آپ ﷺ نے عشاء کی نماز اس وقت ادا کی جب شفق غائب ہو گئی۔ پھر جبریل علیہ السلام نبی ﷺ کے پاس اس وقت آئے جب فجر طلوع ہوئی۔ پھر دوسرے دن ظہر کے وقت جبریل علیہ السلام آئے اور فرمایا اٹھیے اور نماز پڑھیے آپ ﷺ نے ظہر کی نماز اس وقت ادا کی جب ہر چیز کا سایہ اس کے برابر ہو چکا تھا' پھر جب عصر کا وقت ہوا تو جبریل علیہ السلام نے فرمایا اٹھیے اور نماز پڑھیے آپ ﷺ نے عصر کی نماز اس وقت ادا کی جب ہر چیز کا سایہ دوگنا ہو گیا' پھر جبریل علیہ السلام نبی ﷺ کے پاس مغرب کے وقت تشریف لائے اور وقت ایک ہی رہا پھر عشاء کے وقت جبریل آئے جب آدھی رات ہو چکی تھی (یا راوی نے ایک تہائی رات کا ذکر کیا ہے) پھر آپ ﷺ نے عشاء کی نماز ادا کی' پھر جبریل اس وقت آئے جب خوب روشنی ہو چکی تھی' نبی ﷺ سے کہا اٹھیے اور نماز پڑھیے آپ ﷺ نے صبح کی نماز ادا کی' پھر جبریل علیہ السلام نے فرمایا: ان دو اقات کے درمیان نماز کا وقت ہے۔

**مفہوم :**

۱۔ فرض نمازوں کے اوقات قرآن وسنت کی تصریح کے مطابق پانچ ہیں :

۱۔ فجر ۲۔ ظہر ۳۔ عصر ۴۔ مغرب ۵۔ عشاء

۲۔ **فجر کا وقت :** صبح صادق سے شروع ہوتا ہے اور طلوع آفتاب تک باقی رہتا ہے۔

۳۔ **ظہر کا وقت :** سورج ڈھلنے سے شروع ہوتا ہے اور اس وقت تک رہتا ہے جب تک ہر چیز کا سایہ اس کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اصلی سایہ کے علاوہ اس سے دوگنا ہو جائے۔

۴۔ **عصر کا وقت :** ظہر کا وقت ختم ہونے سے سورج ڈوبنے تک رہتا ہے۔

۵۔ **مغرب کا وقت :** سورج ڈوبنے کے بعد سے شروع ہوتا ہے اور شفق کی سرخی غائب ہونے تک باقی رہتا ہے۔

۶۔ **عشاء کا وقت :** شفق کی سرخی غائب ہونے سے شروع ہوتا ہے اور صبح صادق تک باقی رہتا ہے' شفق کی سرخی اندازاً غروب آفتاب سے سوا گھنٹے کے بعد غائب ہو جاتی ہے۔

۶۔ **عن انس رضی الله عنه قال: سمعت رسول اللهﷺ يقول: تلك صلوة المنافق' يجلس يرقب الشمس حتى اذا اصفرت و كانت اذا كان بين قرني الشيطن قام فنقرها أربعا لا يذكر الله فيها الا قليلاً۔ (صحيح مسلم: باب المساجد)**

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ : میں نے نبی اکرم ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ : یہ منافق کی نماز ہے' سورج کے غروب ہونے کے انتظار میں بیٹھا رہتا ہے جب وہ شیطان کے دو سینگوں کے درمیان پہنچ جاتا ہے تو یہ اٹھ کر چار چونچیں مارتا ہے اور اللہ کو بہت کم یاد کرتا ہے۔

۷۔ **عن علي رضى الله عنه: أن النبيﷺ قال يوم الاحزاب: ملأ الله قبورهم وبيوتهم نارًا كما شغلونا عن الصلوة الوسطى حتى غابت الشمس (صحيح بخاری و صحيح مسلم : كتاب الصلوة)**

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے غزوہ احزاب کے موقعہ پر فرمایا : اللہ تعالٰی ان کی قبروں اور گھروں کو آگ سے بھر دے' جس طرح کہ انہوں (مشرکین مکہ) نے ہمیں عصر کی نماز سے روکا یہاں تک سورج غروب ہو گیا۔

## وہ اوقات جن میں نماز پڑھنا ممنوع ہے :

۸۔ **عن ابی سعيد الخدری رضی الله عنه أن النبیﷺ قال: لا صلوة بعد صلوة العصر حتى تغرب الشمس ولا صلوة بعد صلوة الفجر حتى تطلع الشمس۔**

**(صحيح بخاری و صحيح مسلم: كتاب الصلوة)**

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی ﷺ نے فرمایا : نماز عصر کے بعد سورج غروب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہونے تک نماز نہیں ہوتی ہے اور نماز فجر کے بعد سورج طلوع ہونے تک نماز نہیں ہوتی ہے۔

۹۔ عن عقبة بن عامر رضی الله عنه قال ثلاث ساعات نهانا رسول اللهﷺ ان نصلی فیهن وان نقبر فیهن موتانا: حین تطلع الشمس بازغة حتی ترتفع و حین یقوم قائم الظهیرة و حین تضیف للغروب حتی تغرب۔ (مسلم: کتاب الجنائز)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں آنحضورﷺ نے تین اوقات میں ہمیں نماز پڑھنے اور مردوں کو دفنانے سے منع فرمایا ہے: (i) سورج طلوع ہونے کے وقت یہاں تک کہ وہ بلند ہو کر نمایاں ہو جائے اور (ii) جب دوپہر کا وقت ہو' اور (iii) جب سورج غروب ہو رہا ہو یہاں تک کہ غروب ہو جائے۔

مفہوم:

۱۔ ان تین اوقات میں ہر نماز ممنوع ہے چاہے وہ نماز فرض ہو یا واجب یا نفل۔

۲۔ ان اوقات میں سجدہ شکر اور سجدہ تلاوت بھی ممنوع ہے۔

۳۔ اگر پہلے سے نماز شروع کر رکھی ہے اور یہ ممنوع وقت آجائے تو نماز باطل ہو جائے گی۔

## اگر کوئی بھول جائے یا نماز کے وقت سو یارہ جائے:

۱۰۔ عن ابی قتادة رضی الله عنه قال: ذکروا للنبیﷺ نومهم عن الصلوٰة فقال: انه لیس فی النوم تفریط انما التفریط فی الیقظة' فاذا نسی احدکم فلیصلها اذا ذکرها۔

(جامع ترمذی' کتاب الصلوٰة)

ابو قتادہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ صحابہؓ نے نبی اکرمﷺ کے سامنے ذکر کیا کہ وہ نیند کی وجہ سے نماز سے رہ گئے ہیں' آپﷺ نے فرمایا: "کوتاہی اور گناہ حالت بیداری میں ہے نیند کی حالت میں نہیں ہے' اگر تم میں سے کوئی نماز پڑھنا بھول جائے یا وہ سو یارہ جائے تو جب اسے نماز یاد آئے' پڑھ لے۔"

۱۱۔ عن انس' أن النبیﷺ قال من نسی صلوٰة فلیصلها اذا ذکرها لا کفارة لها الا ذالك.

(بخاری' مسلم: کتاب الصلوٰة)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ نبی اکرمﷺ نے فرمایا جو شخص نماز پڑھنا بھول جائے تو جب اسے یاد آجائے اسے نماز پڑھ لینا چاہیے' اس کا اس کے سوا اور کوئی کفارہ نہیں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## مسجد سے شغف ایمان کی دلیل ہے :

۱۲۔ عن ابی سعید الخدری رضی الله عنه عن النبیﷺ قال: اذارأیتم الرجل یعتاد المساجد فاشهدوا له بالایمان. (جامع ترمذی: کتاب الا یمان)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں :آپ ﷺ نے فرمایا :"جب تم کسی آدمی کو مساجد میں پابندی سے نماز پڑھتے دیکھو تو اس کے مؤمن ہونے کی گواہی دو۔"

### مفہوم :

۱۔ در حقیقت مسجد اسلامی زندگی کا ایک ایسا محور ہے جس کے گرد مسلمانوں کی پوری زندگی گردش کرتی ہے اور اس کے بغیر کسی اسلامی بستی کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔

۲۔ مسلمانوں میں دینی روح کو بیدار رکھنے اور ان میں ملی وجود کا حقیقی شعور پیدا کرنے اور ان کے شیرازے کو مجتمع کرنے کا اصل ذریعہ یہی ہے کہ مسجد کو معاشرتی زندگی کا محور بنایا جائے اور اس کا حقیقی کردار بحال کیا جائے۔

## مسجد کے آداب :

۱۳۔ عن ابی قتادة أن النبیﷺ قال: اذا جاء احدکم المسجد فلیصل سجد تین من قبل أن یجلس. (مسلم: کتاب الصلوة)

ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی مسجد میں جائے تو بیٹھنے سے پہلے اسے دو رکعت نماز پڑھ لینا چاہیے۔

### مفہوم :

۱۔ مسجد کی عظمت و حرمت کا تقاضا ہے کہ داخل ہوتے وقت دعا پڑھے اور پھر دو رکعت نماز تحیة المسجد ادا کرے۔

۲۔ مسجد کا یہ حق ہے کہ اس کی تعظیم و تکریم کی جائے اور اس میں عبادت الٰہی کا انتظام کیا جائے۔

## مساجد کی سجاوٹ کا غیر معمولی اہتمام اور عبادات میں غفلت :

۱۴۔ عن انس رضی الله عنه ان النبیﷺ قال: لا تقوم الساعة حتی یتباهی الناس بالمساجد.

(سنن ابو داؤد: کتاب الفتن)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ : نبی ﷺ نے فرمایا : "قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی جب تک لوگ مساجد کے حوالے سے ایک دوسرے کے مقابلہ میں فخر نہ جتانے لگیں۔"

مفہوم :

۱۔ آج کے دور میں عام طور پر لوگ مسجدوں کو نقش و نگار سے سجاتے اور رنگ و روغن سے آراستہ کرنے کا تو غیر معمولی اہتمام کرتے ہیں لیکن عبادت کی سعادت سے محروم ہیں۔

۲۔ ایک دوسری روایت میں آنحضرت ﷺ نے فرمایا : "تم لوگ اپنی مسجدوں کی آرائش اور سجاوٹ اس طرح کرنے لگو گے جس طرح یہود و نصاریٰ اپنی عبادت گاہوں میں کرتے ہیں"۔

## مسجد میں خرید و فروخت اور گمشدہ چیز کا اعلان کرنا :

**۱۵۔ عن ابی هريرة رضى الله عنه قال قال رسول ﷺ: من سمع رجلا ينشد ضالة فى المسجد فليقل لا ردها الله عليك فان المساجد لم تبن لهذا. (صحيح مسلم :باب المساجد)**

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : جو شخص کسی کو مسجد سے گم شدہ چیز کا اعلان کرتے سنے 'اسے کہنا چاہیے "اللہ تعالیٰ یہ چیز تجھے واپس نہ دلوائے۔ مسجد یں اس مقصد کے لیے تو نہیں بنائی گئی ہیں۔

مفہوم :

۱۔ مسجد میں گم شدہ چیز کا اعلان مناسب نہیں ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے اس پر اظہار ناراضگی فرمایا ہے۔

۲۔ مسجد میں ہنسی مذاق کرنا' شور و غل کرنا' خرید و فروخت کرنا اور دوڑنا بھی مسجد کے احترام کے منافی اعمال ہیں۔

**۱۶۔ عن ابی هريرة رضى الله عنه أن رسول الله ﷺ قال: لو يعلم الناس مافى الاذان والصف الاول ثم لم يجدوا الا يستهموا عليه لاستهموا ولو يعلمون مافى التهجير لا ستبقوا اليه ولو يعلمون مافى العتمة والصبح لأ توهما ولو حبوًا. (صحیح بخاری : کتاب الصلوۃ)**

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : اگر لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ اذان اور پہلی صف کا کیا اجر و ثواب ہے' پھر انہیں قرعہ کے بغیر موقع نہ ملے تو وہ ضرور قرعہ بھی ڈالیں گے 'اگر لوگوں کو ظہر کی نماز کی فضیلت معلوم ہو جائے تو وہ ضرور اس میں پہل کریں گے 'اگر لوگوں کو پتہ چل جائے کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عشاء اور صبح کی نماز کا کیا اجر و ثواب ہے تو وہ انہیں ضرور ادا کریں خواہ انہیں گھٹنوں کے بل چل کر آنا پڑے۔

## اذان اور وعدہ مغفرت و جنت :

۱۷۔ عن عقبہ بن عامر رضی الله عنه أن النبیﷺ قال: یعجب ربك من راعی غنم فی رأس شظیة یؤذن بالصلٰوة ویصلی فیقول الله عزوجل انظروا الی عبدی هذا یؤذن ویقیم الصلٰوة یخاف منی' قد غفرت لعبدی وادخلته الجنة. (سنن ابو داؤد: کتاب الصلوة)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: بکریوں کے اس چرواہے سے تمھارا رب بہت خوش ہوتا ہے جو کسی پہاڑ کی چٹان پر کھڑا ہو کر اذان دیتا ہے اور نماز پڑھتا ہے۔ اللہ عزوجل فرشتوں سے کہتا ہے میرے اس بندے کو دیکھو آبادی سے دور جنگل میں اذان دیتا ہے اور نماز پڑھتا ہے وہ مجھ سے ڈرتا ہے میں اپنے اس بندے کی غلطیوں کو معاف کردوں گا اور جنت میں داخل کروں گا۔

## قیامت کے روز سایہ خداوندی سے بہرہ مند ہونے والے :

۱۸۔ عن ابی هریرہ رضی الله عنه قال قال رسول اللهﷺ: سبعة یظلهم الله فی ظله یوم لا ظل الاظله' امام عادل

وشاب نشأفی عبادة الله

ورجل قلبه معلق بالمسجد اذا خرج منه حتی یعود الیه

ورجلان تحابافی الله اجتمعا علیه وتفرقا علیه

ورجل ذکر الله خالیاً ففاضت عیناه

ورجل دعته امراة ذات حسب و جمال فقال انی اخاف الله

ورجل تصدق بصدقة فأخفا ها حتی لا تعلم شماله ماتنفق یمینه. (جامع ترمذی: کتاب البیوع)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سات قسم کے لوگوں کو اللہ اس دن اپنے سایہ میں جگہ دے گا جس دن سوائے اللہ کے سایہ کے کوئی سایہ نہ ہوگا۔

۱۔ عدل وانصاف کرنے والا حکمران

۲۔ وہ جوان جس کی جوانی اللہ کی بندگی میں گزری

۳۔ وہ آدمی جس کا دل مسجد سے اٹکا رہتا ہے جب تک کہ واپس مسجد میں نہ آجائے۔

۴۔ وہ دو آدمی جن کی دوستی کی بنیاد اللہ اور اللہ کا دین ہے' اسی جذبہ کے ساتھ وہ اکٹھے ہوتے ہیں اور یہی جذبہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لیے جدا ہوتے ہیں۔

۵۔ وہ آدمی جس نے تنہائی میں اللہ کو یاد کیا اور اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ پڑے۔

۶۔ وہ آدمی جس کو کسی اونچے خاندان کی خوبصورت عورت نے بدکاری کی دعوت دی اور اس نے اللہ کے خوف کی بناء پر اس کی دعوت کو رد کر دیا۔

۷۔ وہ آدمی جس نے اس طرح صدقہ کیا کہ اس کا بایاں ہاتھ بھی نہیں جانتا کہ دایاں ہاتھ کیا دے رہا ہے۔

**۱۹۔ عن ابی هريرة رضى الله عنه أن رسول اللهﷺ قال: اذا نودى للصلوٰه أدبر الشيطان وله ضراط حتى لا يسمع التاذين فاذا قضى النداء أقبل حتى ثوب بالصلوٰة ادبر حتى اذا قضى التثويب أقبل حتى يخطر بين المرء ونفسه يقول اذكر كذا اذكر كذا لما لم يكن يذكر حتى يظل الرجل لا يدرى كم صلى. (صحيح بخارى : باب الاذان)**

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جب نماز کے لیے اذان دی جاتی ہے، شیطان پیٹھ پھیر کر چلا جاتا ہے اور اس کے پیٹ سے ہوا خارج ہوتی ہے یہاں تک کہ اسے اذان کی آواز سنائی نہیں دیتی، جب اذان ختم ہو جاتی ہے تو واپس آ جاتا ہے۔ جب نماز کے لیے اقامت کہی جاتی ہے تو واپس چلا جاتا ہے جب اقامت ختم ہوتی ہے تو پھر واپس آ جاتا ہے یہاں تک کہ وہ آدمی اور اس کے دل کے درمیان حائل ہو جاتا ہے، کہتا ہے فلاں فلاں بات یاد کر و اور اسے وہ باتیں یاد دلاتا ہے جو اسے یاد نہیں ہوتیں، یہاں تک کہ آدمی کو پتہ نہیں چلتا کہ اس نے کتنی نماز پڑھی۔“

مفہوم :

۱۔ اذان میں اللہ کی عظمت و کبریائی اور نبی ﷺ کی رسالت کا اعلان کیا جاتا ہے اور یہی بات شیطان کو سب سے زیادہ ناپسند ہے۔

۲۔ شیطان کی وسوسہ اندازیوں سے بچنے کے لیے حضوری قلب ضروری ہے۔

**۲۰۔ عن بلال رضى الله عنه قال قال رسول اللهﷺ : لاتثو بن فى شئ من الصلوٰت الافى صلوٰة الفجر. (جامع ترمذى: ابواب الصلوٰة)**

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”نماز فجر کے علاوہ کسی اور نماز کے لیے تثویب نہ کیا کرو“۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مفہوم :

۱۔ تثویب کے معنی رجوع کرنے کے ہیں اور اصطلاح میں اذان کے بعد دوبارہ لوگوں کو نماز کی طرف متوجہ کرنا ہے۔ تثویب سے مراد اذان کے دوران **"الصلوٰۃ خیر من النوم"** کہنا بھی ہے اور اذان واقامت کے دوران **"الصلٰوہ جامعة"** یا اس طرح کا کوئی اور اعلان کرنا بھی ہے۔

۲۔ چونکہ اذان کا مقصد نماز کے لیے منادی اور اعلان ہے اس کے بعد مزید اعلان یا یاددہانی کا کوئی طریقہ اختیار کرنے سے یہ مقصد فوت ہو جاتا ہے۔

## فجر اور عصر کی نمازوں میں فرشتوں کا تبادلہ :

**۲۲۔ عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہﷺ: یتعاقبون فیکم ملائکۃ باللیل وملائکۃ بالنھار ویجتمعون فی صلٰوۃ الفجر وصلٰوۃ العصر' ثم یعرج الذین باتوافیکم فیسألھم ربھم وھوا علم بھم کیف ترکتم عبادی؟ فیقولون ترکناھم وھم یصلون واتینا ھم وھم یصلون .**

**(صحیح بخاری و صحیح مسلم: کتاب الصلٰوۃ)**

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہﷺ نے فرمایا: "رات اور دن کے فرشتے (جو زمین کے انتظام پر مامور ہیں) اپنی ڈیوٹی بدلتے ہیں اور وہ فجر اور عصر کی نماز میں اکھٹے ہوتے ہیں۔ پھر جو فرشتے تمہارے اندر رہے ہیں وہ اپنے رب کے حضور جاتے ہیں تو وہ ان سے پوچھتا ہے حالانکہ وہ بندوں کے حال سے زیادہ واقف ہے "تم نے میرے بندوں کو کس حال میں چھوڑا ہے' تو وہ عرض کرتے ہیں کہ جب ہم ان کے پاس پہنچے تھے تو انہیں نماز پڑھتے پایا تھا اور جب ہم نے انہیں چھوڑا ہے تو نماز پڑھتے ہوئے چھوڑا ہے۔

مفہوم :

۱۔ اس حدیث سے فجر اور عصر کی نمازوں کی اہمیت خوب واضح ہوتی ہے۔

۲۔ نماز کی پابندی کرنے والے خوش نصیب نیک لوگوں کو فرشتوں کا ساتھ نصیب ہوتا ہے' اور وہ اللہ کے حضور اس کے نمازی ہونے کی گواہی دیتے ہیں۔

## نماز اور احساس ذمہ داری :

**۲۳۔ عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ انہ کتب الی عمالہ' ان اھم امورکم عندی الصلٰوۃ' فمن حفظھا وحفظ علیھا حفظ دینہ ومن ضیعھا فھو لما سواھا أضیع. (مشکوٰۃ: کتاب الصلٰوۃ)**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے اپنے گورنروں کو لکھا کہ : "تمہارے سارے کاموں میں سب سے زیادہ اہمیت میرے نزدیک نماز کی ہے ' جو شخص نماز کی حفاظت کرے گا اور اس کی فکر کرتا رہے گا تو وہ اپنے پورے دین کی حفاظت کرے گا جو نمازوں کو ضائع کرے گا وہ اور چیزوں کو بدرجہ اولی برباد کرنے والا ثابت ہوگا۔"

مفہوم :

۱۔ نماز فرض شناسی کی صفت اور احساس ذمہ داری پیدا کرتی ہے کیونکہ ایک آدمی فرض کو فرض جان کر اسے مستعدی سے مسلسل ادا کرتا رہے تو اس تربیت کے نتیجہ میں دیگر احکام کی بجاآوری میں بھی یہ صفت کام آئے گی۔

۲۔ نماز اطاعت اور فرماں برداری کی صفات پیدا کرتی ہے۔

## ریاکاری کے لیے نماز :

**۲۴۔ عن شداد بن اوس قال سمعت رسول الله يقول :من صلى يرائي فقد أشرك' من صام يرائي فقد أشرك ' من تصدق يرائي فقد أشرك .** **(مسند احمد:مرويات شداد بن اوس)**

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ : جس نے دکھاوے کی نماز پڑھی تو اس نے شرک کیا' جس نے دکھاوے کا روزہ رکھا تو اس نے شرک کیا' جس نے دکھاوے کا صدقہ کیا تو اس نے شرک کیا۔

مفہوم :

۱۔ اخلاص کے بغیر بڑی سے بڑی عبادت بھی اللہ کے ہاں کوئی حیثیت نہیں رکھتی بلکہ وہ باعث وبال بنے گی۔

۲۔ دوسروں کی نگاہ میں پارسا بننے اور دوسروں کو خوش کرنے کے لیے جو نیکی بھی کی جائے وہ اللہ کے ہاں مقبول نہیں ہے۔

۳۔ اللہ کے ہاں صرف اخلاص اور اللہ کی رضا کی خاطر کیا ہوا کام مقبول ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## نماز کی چوری :

۲۵۔ عن ابی قتادہ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہﷺ: أسوٗ الناس سرقة الذی یسرق من صلاته، قالوا یا رسول اللہ کیف یسرق من الصلوٰة؟ قال لایتم رکوعها ولا سجودها.

**(صحیح ابن حزیمہ:الصلوٰة)**

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ نے ارشاد فرمایا :"بد ترین چور وہ ہے جو اپنی نماز کی چوری کرے"۔لوگوں نے کہا :اے اللہ کے رسول ﷺ نماز میں وہ کیسے چوری کرتا ہے ؟آپ ﷺ نے بتایا کہ : "نماز کی چوری کا مطلب یہ ہے کہ وہ ٹھیک سے رکوع اور سجدہ نہیں کرتا۔"

## مفہوم :

ا۔ نماز کا حق یہ ہے کہ آدمی نہایت سکون واطمینان کے ساتھ اس کے سارے ارکان ادا کرے۔ قراءت، قیام، رکوع، سجود، اور جملہ ارکان نماز کو ٹھہر ٹھہر کر ادا کرے۔

## جماعت کی اہمیت :

۲۶۔ عن عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنه قال لقد رأیتنا وما یتخلف عن الصلوٰة الا منافق قد علم نفاقه اومریض، ان کان المریض یمشی بین رجلین حتی یأتی الصلوٰة وقال ان رسول اللہﷺ علمنا سنن الهدی وان من سنن الهدی الصلوٰة فی المسجد الذی یؤذن فیه ...... وفی روایة...... ان اللہ شرع لنبیکم سنن الهدی أنهن من سنن الهدی ولوانکم صلیتم فی بیوتکم کما یصلی هذا المتخلف فی بیته لترکتم سنة نبیك ولو ترکتم سنة نبیکم لضللتم. **(صحیح مسلم: کتاب الصلوٰة)**

عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں : ہم نے اپنے آپ کو (یعنی مسلمانوں کو) اس حال میں دیکھا ہے کہ نماز باجماعت میں شریک نہ ہونے والا یا تو بس کوئی منافق ہوتا تھا جس کی منافقت ڈھکی چھپی نہیں ہوتی تھی بلکہ لوگوں کو اس کی منافقت کا علم ہوتا تھا یا کوئی مریض ہوتا تھا، بلکہ بعض مریض بھی دو آدمیوں کے سہارے چل کر آتے تھے اور جماعت میں شریک ہوتے تھے۔ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں : رسول اللہ ﷺ نے ہمیں "سُنَنِ ھُدٰی" کی تعلیم دی۔انہی سنن ھدیٰ میں سے ایک ایسی مسجد جہاں اذان دی جاتی ہو، جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنا بھی ہے۔ایک دوسری روایت میں ہے : اللہ نے تمہارے نبی کے لیے سنن ھدیٰ مقرر فرمائی ہیں اور پانچوں نمازیں جماعت سے مسجد میں ادا کرنا انہی سنن ھدیٰ میں سے ہے اور اگر تم اپنے گھروں میں ہی نماز ادا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرنے لگو گے جیسا کہ یہ شخص جو جماعت سے الگ اپنے گھر میں نماز پڑھتا ہے (منافق) تو تم اپنے پیغمبر کا طریقہ چھوڑ دو گے اور جب تم اپنے پیغمبر کا طریقہ چھوڑ دو گے تو یقین جانو کہ گمراہ ہو جاؤ گے۔

مفہوم:

۱۔ "سُنَنِ هُدٰی" سے مراد رسول اللہ ﷺ کی وہ اہم دینی تعلیمات ہیں جن سے امت کی ہدایت وابستہ ہے۔

۲۔ امام احمدؒ اور بعض دوسرے علماء کے نزدیک غیر معذور کے لیے جماعت سے نماز فرض ہے۔ البتہ محققین احناف کے نزدیک اس کا درجہ واجب کا ہے۔

۳۔ نماز باجماعت کے جو مقاصد ہیں وہ گھر میں فرض نماز ادا کرنے سے پورے نہیں ہو سکتے۔

۴۔ نبی ﷺ کے مثالی دور میں صرف معذور یا منافق لوگ ہی جماعت سے نماز ادا نہیں کرتے تھے۔ صحابہ کرام کے ہاں نماز باجماعت کا بڑا اہتمام پایا جاتا تھا۔

## نماز باجماعت ترک کرنے والے کے لیے وعید:

**۲۷۔ عن ابی هریرة رضی الله عنه قال قال النبی ﷺ لیس صلٰوة أثقل علی المنافقین من صلوة الفجر والعشاء ولو یعلمون ما فیهما لا تو هما ولو حبواً لقد هممت أن آمر المؤذن فیقیم ثم آمر رجلاً یؤم الناس ثم اخذ شعلا من نار فأحرق علی من لایخرج الی الصلٰوة بعد.**

**(صحیح بخاری و صحیح مسلم: کتاب الصلوٰة)**

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "منافقوں پر کوئی نماز بھی فجر اور عشاء سے زیادہ بھاری نہیں ہے اور اگر وہ جانتے کہ ان نمازوں میں کیا اجر و ثواب ہے تو وہ ان میں بھی ضرور حاضر ہوتے اگرچہ ان کو گھٹنوں کے بل گھسٹ کر آنا پڑتا (آپ ﷺ نے فرمایا) میرے جی میں آتا ہے کہ (کسی دن) مؤذن کو حکم دوں وہ جماعت کے لیے اقامت کہے پھر میں کسی شخص کو حکم دوں کہ (میری جگہ) وہ لوگوں کی امامت کرائے اور میں خود آگ کے فتیلے ہاتھ میں لوں اور ان لوگوں کے گھروں کو آگ لگا دوں جو اس (اذان سننے) کے بعد بھی گھروں سے نہیں نکلتے۔"

مفہوم:

۱۔ اس حدیث میں بلا جماعت نماز پڑھنے والوں کے لیے سخت وعید ہے۔ ایسے لوگوں سے نبی ﷺ نے سخت ناراضگی کا اظہار فرمایا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۲۔ فجر اور عشاء آرام کے اوقات ہیں جس شخص کے دل میں خوف خدا اور اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہونے کا یقین نہیں ہے، جیسا کہ منافق کا معاملہ ہے، وہ کبھی پابندی سے اپنے آرام کو قربان نہیں کر سکتا۔

۳۔ بغیر عذر ترک جماعت بہت بڑی محرومی اور بدبختی ہے۔

## نماز باجماعت کی فضیلت اور برکت :

**۲۸۔ عن ابن عمر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ : صلوٰۃ الجماعۃ تفضل صلوٰۃ الفذ بسبع و عشرین درجۃ۔ (متفق علیہ: کتاب الصلوٰۃ)**

حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا: ''باجماعت نماز پڑھنا اکیلے نماز پڑھنے کے مقابلہ میں ستائیس درجہ زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔''

### مفہوم :

ا۔ اس حدیث سے ضمناً یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اکیلے پڑھنے والے کی نماز بھی بالکل کالعدم نہیں ہے وہ بھی ادا ہو جاتی ہے۔

۲۔ جماعت کا ثواب ستائیس گنا زیادہ ہے اور اکیلے کی نماز ثواب میں ۲۶ درجہ کم رہتی ہے یقیناً یہ بھی بہت بڑا خسارہ اور بڑی محرومی ہے۔

۳۔ شیطان کے بندوں کی منظم طاقت کا مقابلہ کرنے اور اسے نیچا دکھانے کے لیے ضروری ہے کہ مسلمان ایک جتھا بنیں، ایک دوسرے کے مددگار ہوں اور ایک دوسرے کے پشت پناہ بن جائیں اور نماز باجماعت اسی مقصد کے لیے تیار کرتی ہے اور یہ مقصد تنہا نماز پڑھنے سے حاصل نہیں کیا جا سکتا۔

## کن حالات میں مسجد اور جماعت کی پابندی ضروری نہیں ہے :

**۲۹۔ عن عائشۃ رضی اللہ عنہا انہا قالت: سمعت رسول اللہ ﷺ یقول : لا صلوٰۃ بحضرۃ الطعام ولا وھو یدافعہ الأخبثان۔ (صحیح مسلم: کتاب الصلوٰۃ)**

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ: میں نے آنحضور ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ: ''نماز پڑھنے کا حکم اس وقت نہیں ہے جب سامنے کھانا ہو اور نہ ایسی حالت میں جبکہ آدمی کو پیشاب یا پاخانے کا تقاضا ہو''۔

### مفہوم :

ا۔ اگر ایسا اتفاق ہو کہ سامنے کھانا رکھ دیا گیا ہو یا کھانا کھا رہے ہوں اور مسجد میں جماعت کھڑی ہو جائے تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کھانا چھوڑ کر بھاگنا نہیں چاہیے۔

۲۔ چونکہ اس صورت میں اس بات کا قوی امکان ہے کہ دل کھانے کی طرف لگا رہے اور نماز میں خشوع و خضوع بھی باقی نہ رہے۔ اس لیے ایسی صورت میں حکمت کا تقاضا بھی یہی ہے کہ پہلے کھانے سے فارغ ہو اور اس کے بعد نماز پڑھے۔

۳۔ شریعت انسان کی حقیقی مجبوریوں اور مشکلات کو ملحوظ رکھتی ہے۔

۴۔ غیر معمولی اور خطرناک قسم کی سردی اور شدید بارش میں بھی نماز گھر میں ادا کی جا سکتی ہے، دوسری حدیث سے اس کی تائید ہوتی ہے۔

## صف بندی کی اہمیت اور تاکید :

**۳۰۔ عن انس رضی الله عنه قال قال رسول ﷺ : سووا صفوفکم فان تسویة الصفوف من اقامة الصلٰوة .(متفق علیه: کتاب الصلٰوة)**

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "لوگو! صفوں کو اچھی طرح برابر کیا کرو، کیونکہ صفوں کو سیدھا اور برابر کرنا نماز اچھی طرح ادا کرنے کا جزو ہے۔"

## مفہوم :

۱۔ رسول اللہ ﷺ صفوں کو سیدھا اور برابر کرنے کا غیر معمولی اہتمام فرمایا کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے صفوں کو سیدھا رکھنا نماز کی کامل ادائیگی کے لیے شرط قرار دیا ہے۔

۲۔ صف بندی اہل ایمان میں اجتماعیت کی صفت پیدا کرتی ہے اور انہیں نظم و ضبط سکھاتی ہے۔

## صف بندی کا وحدت امت سے تعلق :

**۳۱۔ عن ابی مسعود الانصاری رضی الله عنه قال کان رسول الله ﷺ یمسح مناکبنافی الصلٰوة ویقول استووا ولا تختلفوا فتختلف قلوبکم لیلینی منکم اولوا الاحلام والنهی ثم الذین یلونهم ثم الذین یلونهم. (صحیح مسلم: کتاب الصلٰوة)**

حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نماز میں ہمیں برابر کرنے کے لیے ہمارے مونڈھوں پر ہاتھ پھیرتے تھے اور فرماتے تھے برابر برابر ہو جاؤ اور آگے پیچھے نہ ہوا کرو ورنہ تمہارے دل باہم مختلف ہو جائیں گے اور آپ ﷺ فرماتے: تم میں جو بالغ (بڑی عمر کے) اور سمجھ دار ہیں وہ میرے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قریب کھڑے ہوں۔ اس کے بعد وہ لوگ جو اس (صفت میں) ان کے قریب تر ہوں اور پھر وہ جو ان کے قریب تر ہوں۔

مفہوم :

۱۔ یعنی اگر صفوں کو برابر اور سیدھا رکھنے میں کوتاہی اور غفلت کرو گے تو اس کی سزا یہ ملے گی کہ تمہاری وحدت اور اجتماعیت پارہ پارہ ہو جائے گی اور تمہاری صفوں میں انتشار وافتراق پیدا ہو جائے گا جو کہ اس دنیا میں سو عذابوں کا ایک عذاب ہے۔

۲۔ ٹھیک سے صف بندی' باہم مل کر اور ایک صف میں کندھے سے کندھا ملا کر کھڑا ہونے سے خود بخود اس بات پر یقین مستحکم ہوتا ہے کہ ہم ایک قوم ہیں' ایک ہی فوج کے سپاہی ہیں' ہماری زندگیاں ایک دوسرے سے وابستہ ہیں۔

۳۔ باہم مل کر کھڑا ہونے سے جس طرح جسم ایک دوسرے سے ملتے ہیں اسی طرح دل بھی ایک دوسرے سے مل جاتے ہیں اور باہمی محبت واخوت اور بھائی چارے کی فضاء پیدا ہوتی ہے۔

## پہلے اگلی صفیں مکمل کی جائیں :

**۳۲۔ عن انس رضی الله عنه قال قال رسول اللهﷺ: اتموا الصف المقدم ثم الذی یلیه فما کان من نقص فلیکن فی الصف المؤخر. (سنن ابوداوٗد: کتاب الصلوٰۃ)**

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "لوگو! پہلے اگلی صف مکمل کر لیا کرو۔ پھر اس کے قریب والی تاکہ جو کمی رہے وہ آخری صف ہی میں رہے۔"

مفہوم :

۱۔ صحیح صف بندی کے معاملے میں عموماً غفلت اور کوتاہی عام ہے۔ اس لیے اس بات کا شدت سے اہتمام کیا جانا چاہیے کہ جب تک پہلی صف مکمل نہ ہو جائے دوسری صف نہ بنائی جائے۔

۲۔ جو کمی یا کسر ہے وہ آخری صف میں رہنی چاہیے۔

## صف کے پیچھے اکیلے کھڑے ہونے کی ممانعت :

**۳۳۔ عن وابصة بن معبد قال رای رسول اللهﷺ رجلا یصلی خلف الصف وحده فأمره أن یعید الصلوة . (جامع ترمذی: کتاب الصلوۃ)**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت وابصہؓ بن معبد سے روایت ہے فرماتے ہیں : کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کو صف کے پیچھے اکیلے نماز پڑھتے دیکھا تو اسے دوبارہ نماز پڑھنے کا حکم دیا۔"

مفہوم :

۱۔ صف کے پیچھے اکیلے کھڑے ہو کر نماز پڑھنے سے جماعت کا مقصد اور اجتماعیت کی شان ختم ہو جاتی ہے اس لیے نبی ﷺ نے اسے ناپسند فرمایا اور دوبارہ نماز پڑھنے کا حکم دیا۔

۲۔ اگر اگلی صف میں گنجائش نہ ہو تو پھر آگے کی صف سے کسی کو پیچھے ہٹا کر اپنے ساتھ کھڑا کر لیا جائے بشرطیکہ اس شخص کو یہ بھی علم ہو کہ صف بندی کی خاطر دوران نماز پیچھے ہٹنے سے نماز نہیں ٹوٹتی اور وہ آسانی سے پیچھے ہٹ جائے اور اس کے نتیجہ میں کوئی بدمزگی پیدا نہ ہو۔ اگر ایسی صورت ممکن نہ ہو تو پھر اکیلے کھڑا ہو جائے۔

## امامت کا زیادہ حقدار :

**۳۴۔ عن ابی مسعود الانصاری رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ: یؤم القوم أقرأهم لکتاب اللہ فان کانوا فی القرأة سواء فأعلمهم بالسنة فان کانوا فی السنة سواء فأقدمهم هجرة فان کانوا فی الهجرة سواء فأقدمهم سنا ولا یؤ من الرجل الرجل فی سلطانه ولا یقعدفی بیته علی تکرمته الا باذنه . (صحیح مسلم: کتاب الصلوة)**

حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ : رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : "امامت وہ شخص کرے جو ان میں سب سے زیادہ کتاب اللہ کا قاری ہو (یعنی بہتر طور پر قرآن پاک پڑھ سکتا ہو اور قرآن پاک کے مطالب کو سمجھتا ہو)' اگر اس میں سب یکساں ہوں تو پھر وہ شخص امامت کرے جو سب سے زیادہ سنت کا علم رکھتا ہو' اگر اس میں بھی سب یکساں ہوں تو پھر وہ شخص امامت کرے جس نے پہلے ہجرت کی ہو' اگر اس میں بھی سب برابر ہوں تو پھر وہ امامت کرے جو عمر میں سب سے بڑا ہو۔ کوئی آدمی دوسرے آدمی کے حلقہ سیادت میں اس کا امام نہ بنے اور نہ اس کے گھر میں خصوصی جگہ پر اجازت کے بغیر بیٹھے۔

مفہوم :

۱۔ عہد نبوی میں قرّا ان لوگوں کو کہا جاتا تھا جو حفظ قرآن کے ساتھ ساتھ کتاب اللہ کے علم اور اس سے تعلق میں سب سے بڑھ کر تھے اور یہ عہد نبوی میں بڑا امتیاز اور فضیلت کا معیار تھا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۲۔ امام چونکہ نبی ﷺ کی وراثت اور امانت کا حامل ہوتا ہے اس لیے اس کا جس قدر کتاب اللہ اور سنت رسول سے تعلق زیادہ ہوگا وہ اس عظیم منصب کا مستحق بھی اتنا ہی زیادہ ہوگا۔

۳۔ جس طرح مسجد میں امامت کے لیے یہ شرط ہے کہ امام کتاب اللہ اور سنت رسول کا عالم ہو اور متقی و پرہیز گار ہو اس طرح پوری امت مسلمہ کی امامت اور قیادت کے لیے بھی یہی شرط ہے کہ امت مسلمہ کی قیادت ایسے لوگوں کے ہاتھ میں ہو جو کتاب و سنت کو زیادہ جاننے والے ہوں اور نیک و صالح بھی ہوں کیونکہ اسلام میں مسجد اور ملک کی امامت و قیادت کرنے والے افراد یکساں صلاحیت کے مالک ہونے چاہئیں۔

## امام و مؤذن کی ذمہ داری :

**۳۵۔ عن ابی هریرة رضی الله عنه قال قال رسول اللہ ﷺ الامام ضامن والمؤذن مؤتمن اللهم ارشد الائمة واغفر للمؤذنين.** (سنن ابی داؤد : کتاب الصلوٰۃ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : امام ذمہ دار ہے اور مؤذن امانت دار ہے' اے اللہ! امامت کرنے والوں کو نیک اور صالح بنا اور اذان دینے والوں کی مغفرت فرما"۔

### مفہوم :

۱۔ ضامن ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ لوگوں کی نماز کا ذمہ دار ہے' اس لیے آئمہ مساجد کو اپنی ذمہ داری کا احساس کرنا چاہیے۔

۲۔ مؤذن کے امانت دار ہونے کا مطلب یہ ہے کہ لوگوں نے اپنی نماز کا معاملہ اس کے حوالہ کر دیا ہے اس کا فرض ہے کہ بروقت اذان دے تاکہ اس کی کوتاہی سے لوگ نماز با جماعت سے محروم نہ رہ جائیں۔

## مقتدیوں کو ہدایت :

**۳۶ عن ابی هریرة رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ: لا تبادروا الامام اذا كبر فكبروا واذا قال ولاالضالين فقولوا امين واذا ركع فاركعوا واذا قال سمع الله لمن حمده فقولوا اللهم ربنا لك الحمد.** (صحیح بخاری: کتاب الصلوٰۃ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : لوگو! امام سے آگے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نہ بڑھو' جب وہ اللہ اکبر کہے تو تم اللہ اکبر کہو' جب وہ ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو' جب وہ رکوع کرے تو تم رکوع کرو اور جب وہ **سمع الله لمن حمده** کہے تو تم **اللّٰھُمَّ ربنا لك الحمد** کہو۔"

**مفہوم :**

۱۔ اس حدیث میں اس بات کی ہدایت کی گئی ہے کہ مقتدیوں کو امام کی اتباع اور پیروی کرنی چاہیے اور تمام نماز کے تمام ارکان اور اجزاء میں کسی چیز میں بھی امام پر سبقت نہیں کرنی چاہیے۔

۲۔ مقتدی ہونے کا مطلب ہی امام کی کامل اطاعت ہے اس لیے امام کی حرکت سے پہلے مقتدی کی کوئی حرکت سختی سے منع کر دی گئی ہے۔

## امام کے ساتھ رکوع کر لیا تو رکعت ادا ہو جائے گی :

**۳۷۔ عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول اللهﷺ : اذا جئتم الى الصلوٰة و نحن سجود فاسجدو اولا تعدوه شيئا ومن ادركه ركعة فقد ادرك الصلوٰة۔ (سنن ابی داوٗد : کتاب الصلوٰة)**

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : "جب تم نماز کے لیے آؤ اور ہمیں سجدہ میں پاؤ تو سجدہ میں شامل ہو جاؤ اور اسے شمار نہ کرو' جس نے امام کے ساتھ رکوع پالیا اس نے نماز (کی وہ رکعت) پالی۔"

**مفہوم :**

۱۔ اگر مقتدی سجدہ میں امام کے ساتھ شریک ہو جائے تو اسے اس کا ثواب تو ملے گا لیکن وہ رکعت شمار نہیں ہوگی۔

۲۔ اگر مقتدی رکوع میں امام کے ساتھ شریک ہو جائے تو یہ رکعت میں شریک ہونے کے قائم مقام ہے۔

## نماز کے مخصوص اذکار :

**۳۸۔ عن ابی هريرة رضی الله عنه قال كان رسول اللهﷺ يسكت بين التكبير وبين القرأة اسكاتة فقلت بأبی انت وامی يا رسول الله اسكاتك بين التكبير و بين القرأة ماتقول؟ قال اقول اللهم باعد بينی وبين خطاياى كما باعدت بين المشرق و المغرب اللهم نقنی من الخطايا كما ينقى الثوب الابيض من الدنس اللهم اغسل خطاياى بالماء والثلج والبرد ۔ (بخاری' مسلم: کتاب الصلوٰة)**

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ تکبیر تحریمہ اور قرأت کے درمیان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کچھ دیر سکوت فرماتے تھے' میں نے ایک مرتبہ عرض کیا۔ اے اللہ کے رسول! میرے ماں باپ آپ پر قربان! مجھے بتا دیجئے کہ تکبیر تحریمہ اور قرأت کے درمیان کی خاموشی میں آپ کیا پڑھتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا میں یہ دعا کرتا ہوں: **اللھم باعد بینی وبین خطایای کما باعدت بین المشرق و المغرب اللھم نقنی من الخطایا کما ینقی الثوب الابیض من الدنس اللھم اغسل خطایای بالماء والثلج والبرد۔** اے اللہ میرے اور میری کوتاہیوں کے درمیان اتنا فاصلہ کر دے جتنا طویل فاصلہ تو نے مشرق اور مغرب میں کر دیا ہے' اے اللہ مجھے خطاؤں سے ایسا پاک کر دے جیسا کہ سفید کپڑا میل کچیل سے پاک کر دیا جاتا ہے۔ اے اللہ میری خطاؤں کو پانی سے اور برف سے اور اولے سے دھو ڈال۔

### مفہوم:

۱۔ رسول اکرم ﷺ تو معاصی اور منکرات سے معصوم تھے لیکن آپ نبوت کی ذمہ داریوں کو ادا کرنے کے معاملہ میں نہایت حساس تھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی متوقع کوتاہیوں کے سلسلہ میں برابر استغفار کرتے رہتے تھے۔

۲۔ نبی ﷺ سے قرأت سے پہلے اور تکبیر تحریمہ کے بعد اور بھی دعائیں منقول ہیں اور آپ نے مختلف اوقات میں مختلف دعائیں پڑھی ہیں۔

## رکوع و سجود:

۳۹۔ **عن انس رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ اعتدلوا فی السجود ولا یبسط احدکم ذراعیہ انبساط الکلب۔ (متفق علیہ: کتاب الصلوٰۃ)**

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''سجدہ اعتدال کے ساتھ کرو اور تم میں سے کوئی اپنے بازو (کلائیاں) سجدے میں اس طرح نہ بچھائے جس طرح کتا بچھاتا ہے۔''

### مفہوم:

۱۔ اعتدال سے مراد یہ ہے کہ سجدہ پورے اطمینان اور خشوع و خضوع سے ادا کیا جائے اور ہر عضو میں سجدہ میں اس طرح رہے جیسا کہ اس کو رہنا چاہیے۔

۲۔ سجدہ میں کلائیوں کو زمین سے اوپر اٹھانا چاہیے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۴۰۔ عن ابن عباس رضی الله عنه قال قال رسول اللهﷺ : امرت ان أسجد علی سبعة اعظم علی الجبهة والیدین والرکبتین واطراف القدمین ولا نکفت الثیاب والشعر.

(متفق علیه: کتاب الصلوٰة)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مجھے سات اعضاء پر سجدہ کرنے کا حکم ملا ہے (یعنی اس طرح سجدہ کروں کہ سات اعضا زمین پر لگے ہوئے ہوں) پیشانی' دونوں ہاتھ' دونوں گھٹنے' دونوں پاؤں کے کنارے' اور یہ بھی حکم ملا ہے کہ ہم حالت نماز میں اپنے کپڑے اور بالوں کو نہ سمیٹیں۔"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# نماز کی اہمیت اور عملی زندگی پر اس کے اثرات

## ا۔ اللہ کی عظمت و کبریائی کا اعلان :

جب بندہ اپنے خالق کے حضور دن میں پانچ مرتبہ حاضر ہوتا ہے اور اللہ کی عظمت و کبریائی کا "اللہ اکبر" کہہ کر بار بار اعلان کرتا ہے تو وہ اپنے ذہن میں اس حقیقت کو تازہ کرتا ہے کہ زمین میں جتنے بڑے خدائی کے دعویدار نظر آتے ہیں سب چھوٹے ہیں' زمین و آسمان میں ایک ہی ہستی ہے جس کے لیے بڑائی ہے' وہی عبادت کے لائق ہے۔

## ب۔ احساس بندگی :

چونکہ ایک شیطان آدمی کے نفس میں بیٹھا ہوا ہے جو ہر وقت کہتا رہتا ہے کہ تو میرا بندہ ہے اور لاکھوں کروڑوں شیطان دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں اور ان میں سے ہر ایک یہی کہہ رہا ہے کہ تو میرا بندہ ہے' ان شیطانوں کا طلسم اس وقت تک ٹوٹ نہیں سکتا جب تک انسان کو دن میں کئی کئی بار یاد نہ دلایا جائے کہ تو صرف اللہ کا بندہ ہے' یہی کام نماز کرتی ہے' صبح اٹھنے سے لے کر رات سونے تک بار بار اسی کا اعادہ کرتی ہے کہ تو صرف اللہ کا بندہ ہے اور تیرا کام صرف اسی کی بندگی ہے۔

## ج۔ تقویٰ اور خوف خدا :

نماز اللہ کے حضور جوابدہی کا احساس پیدا کرتی ہے' مسلمان اسلام کے مطابق عمل کر ہی نہیں سکتا جب تک اسے یہ یقین نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ ہر وقت ہر جگہ اسے دیکھ رہا ہے' تمام دنیا سے چھپ جانا ممکن ہے مگر اللہ تعالیٰ سے چھپنا ناممکن ہے' تمام دنیا کی سزاؤں سے آدمی بچ سکتا ہے مگر اللہ تعالیٰ کی سزا سے بچنا غیر ممکن ہے۔ جوابدہی کا یہ احساس انسان کو برائی سے روکتا ہے' حلال و حرام کی حدود کا لحاظ رکھنے پر مجبور کرتا ہے اور انسان کی سیرت و کردار میں پاکیزگی پیدا کرتا ہے' اسی لیے اللہ تعالیٰ نے دن میں پانچ مرتبہ نماز فرض کی ہے تاکہ وہ اس احساس اور یقین کو دل میں بار بار مضبوط کرتی رہے' چنانچہ قرآن مجید نے نماز کی اسی مصلحت کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے :

اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ (العنکبوت: ۲۹ : ۴۵)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یقیناً نماز انسان کو بے حیائی اور بدکاری سے روکتی ہے۔

اگر ایک شخص بے وضو ہو اور یہ کہہ دے کہ میں وضو سے ہوں' تو دنیا میں کوئی اسے پکڑ نہیں سکتا ہے یا نماز میں بالکل کچھ نہ پڑھے تو کسی کو خبر نہیں ہو سکتی۔ مگر ایک مسلمان کبھی ایسا نہیں کرتا کیونکہ اسے کامل یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے' نماز اللہ تعالیٰ کے حاضر و ناظر اور علیم و خبیر ہونے کا یقین آدمی کے دل میں بٹھاتی ہے اور تازہ کرتی رہتی ہے۔ جس کی وجہ سے بندے کا اپنے خالق سے مضبوط تعلق قائم رہتا ہے اور آدمی گناہوں سے بچا رہتا ہے۔

## د۔ یک جہتی اور عملی اتحاد :

پانچ وقت کی جماعت' جمعہ کا اجتماع' پھر عیدین کے اجتماع' یہ سب مسلمانوں کو ایک مضبوط دیوار کی طرح بنا دیتے ہیں اور ان میں یک جہتی اور عملی اتحاد پیدا کر دیتے ہیں۔

## ر۔ تعمیر سیرت :

جو شخص ہر مرتبہ اذان کی آواز سن کر اپنے سارے کام کاج چھوڑ کر اللہ کے سامنے حاضر ہو کر ہر رکعت میں یہ اقرار کرے کہ اے پروردگار! ہم تیری ہی بندگی کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں اور تجھے ہی جزاء و سزا کے دن کا مالک جانتے ہیں اور تیری ہی کبریائی کا اعلان کرتے ہیں۔

یقینی بات ہے کہ اس شخص کے دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف اور اس کے سامنے حاضری کا خیال رچ بس جائے گا۔ وہ اس تصور ہی سے کانپ اٹھے گا کہ گناہوں اور خطاؤں کے انبار لے کر وہ اللہ کے حضور پیش ہو۔ ایسا شخص برائی اور بے حیائی کے کاموں کا ارتکاب کر ہی نہیں سکتا' اور اگر ایسا کر ہی بیٹھے تو فوراً اپنی غلطی پر متنبہ ہو کر واپس اللہ کے راستہ کی طرف لوٹ آئے گا۔ نماز سے بڑھ کر اصلاح اور تربیت کا موثر ذریعہ بھلا اور کیا ہو سکتا ہے۔

لیکن نماز کے یہ فوائد اسی وقت حاصل ہو سکتے ہیں جب ہمیں معلوم ہو کر جو کچھ ہم نماز میں پڑھتے ہیں اس کا مطلب کیا ہے اور اس کے تقاضے کیا ہیں اور نماز ہمارے اندر کیا تبدیلی لانا چاہتی ہے۔ بصورت دیگر عمر بھر نمازیں جاری رہتی ہیں۔ لیکن زندگی میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں نماز کی حقیقی روح کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے اور اس کے فوائد فیض یاب فرمائے۔ آمین

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فہرست مراجع

## یونٹ نمبر6

۱۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح، در الفکر بیروت
۲۔ الترمذی، محمد بن عیسیٰ، سنن ترمذی، مکتبہ مصطفیٰ البابی الحلبی، قاہرہ ۱۹۳۷
۳۔ جلیل احسن ندوی، زاد راہ، اسلامک پبلی کیشنز، ۱۹۹۹ء
۴۔ جلیل احسن ندوی، سفینہ نجات، ادارہ ترجمان القرآن، لاہور ۱۹۹۵ء
۵۔ عمر پوری، عبدالغفار حسن، انتخاب حدیث، اسلامک پبلی کیشنز ۱۹۹۸ء
۶۔ مسلم، مسلم بن حجاج، صحیح مسلم، دار الحدیث قاہرہ ۱۹۹۱ء
۷۔ مودودی، سید ابوالاعلیٰ، خطبات، اسلامک پبلی کیشنز ۱۹۹۰ء
۸۔ نعمانی، محمد منظور، معارف الحدیث (جلد سوم) دار الاشاعت لاہور، ۱۹۹۹ء
۹۔ یوسف اصلاحی، اداب زندگی، ادارہ ترجمان القرآن، لاہور ۱۹۹۹ء
۱۰۔ نووی، محی الدین ابو زکریا بن شرف، ریاض الصالحین، مکتبہ مدنیہ لاہور۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ